# پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ ٹورنامنٹ، بلاسٹرز نے چیلنجرز کو 6 وکٹوں سے ہرا دیا

**کراچی، 25 مئی 2023:**

بلاسٹرز نے پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے دوسرے میچ میں چیلنجرز کو 6 وکٹوں سے شکست دیدی۔

یاد رہے کہ پہلے میچ میں ڈائنامائٹس نے بلاسٹرز کو 9 وکٹوں سے ہرایا تھا۔

اسٹیٹ بینک گراؤنڈ میں کھیلے گئے دوسرے میچ کی خاص بات فاتح ٹیم کی ڈیانا بیگ کی عمدہ بولنگ تھی جنہوں نے 20 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

چیلنجرز کی کپتان عمیمہ سہیل نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور 40 اوورز میں پوری ٹیم 117 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

جویریہ خان اور جویریہ رؤف نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 56 رنز کا اضافہ کیا۔ جویریہ خان نے چار چوکوں کی مدد سے 37 رنز بنائے۔ جویریہ رؤف نے 20 رنز اسکور کیے لیکن اس کے بعد صرف امبر کائنات ڈبل فگرز میں آسکیں انہوں نے 15 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئیں۔

چیلنجرز کی آخری 8 وکٹیں اسکور میں صرف 42 رنز کا اضافہ کرسکیں۔

فاسٹ بولر ڈیانا بیگ نے 8 اوورز میں صرف 20 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں جبکہ لیفٹ آرم اسپنر عائشہ بلال نے 9 اوورز میں 25 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

جواب میں بلاسٹرز کی ٹیم نے 35 اعشاریہ 3 اوورز میں چار وکٹوں پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔

کپتان منیبہ علی نے دو چوکوں کی مدد سے 35 رنز بنائے۔ ارم جاوید 25 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں ان کی اننگز میں دو چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

دعا ماجد نے 20 رنز کی اننگز کھیلی۔

نورین یعقوب نے 18 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

ڈیانا بیگ کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ٹورنامنٹ کا تیسرا میچ ہفتے کے روز ڈائنامائٹس اور چیلنجرز کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور۔

چیلنجرز۔ 117 رنز (40 اوورز) جویریہ خان 37۔ ڈیانا بیگ 20/4 وکٹ۔ عائشہ بلال 25/3 وکٹ۔

بلاسٹرز۔ 121 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ (35 اعشاریہ 3 اوورز) منیبہ علی 35۔ ارم جاوید 25 ناٹ آؤٹ۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

pepsi TCL PARKVIEW CITY TRANS GROUP

Pathway Cricket Programme

engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners

WILLOW FLOW SPORTS sky sports SuperSport etisalat FOX SPORTS sky SPORT

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial